پنجاب پولیس

نیوزلیٹر

جنوری تا مارچ 2022

انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب راؤ سردار علی خان

پنجاب پولیس کے سربراہ کی حیثیت سے میں سمجھتا ہوں کہ عوام کی جان و مال کی حفاظت اور امن و امان کا قیام ہماری بنیادی ذمہ داری ہے اور مجھے خوشی ہے کہ میری فورس کا ہر جوان اپنے فرائض کی انجام دہی کے لئے پوری لگن، دیانتداری اور تندہی سے دن رات کام کر رہا ہے۔ صوبے سے جرائم کا خاتمہ، قانون شکن عناصر کی بیخ کنی اور جرائم پیشہ عناصر کے قلع قمع کے لئے پنجاب پولیس اپنے تمام وسائل بروئے کار لا رہی ہے۔ میں واضح کرنا چاہتا ہوں کہ پنجاب پولیس فورس کا ہر جوان میرے لئے فیملی ممبر کی حیثیت رکھتا ہے۔ میں جزا و سزا کے اصول پر یقین رکھتا ہوں اس لئے جہاں اچھا کام کرنے پر حوصلہ افزائی کی جاتی ہے وہاں فرائض میں غفلت، لاپروائی اور کرپشن پر سخت سزا بھی دی جاتی ہے۔ مجھے پولیس کے ہر محنتی اور فرض شناس اہلکار پر فخر ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ پنجاب پولیس کی عزت و وقار ہمارے بہادر شہدا، غازیوں اور فرض شناس جوانوں کی وجہ سے ہی ہے۔

ایڈیشنل آئی جی آپریشنز پنجاب صاحبزادہ شہزاد سلطان

پنجاب میں امن و امان کا قیام اور شہریوں کو پرامن ماحول کی فراہمی ہمارا بنیادی فریضہ ہے۔ اس عظیم مقصد کی تکمیل میں اب تک پنجاب پولیس کے 15 سو سے زائد افسران و اہلکار اپنی جانوں کے نذرانے پیش کر چکے ہیں جبکہ بہت سے جوان سماج دشمن عناصر کا مقابلہ کرتے ہوئے عمر بھر کے لئے معذور ہوئے۔ پولیس کے ہر جوان کا حوصلہ بلند ہے اور ہم اپنے خون کے آخری قطرے تک اس عہد کی پاسداری کرتے ہیں جو پولیس کی وردی زیب تن کرتے وقت ہم نے کیا تھا۔ یقیناً پنجاب پولیس کا ہر جوان سمجھتا ہے کہ پولیس فورس محض ایک ملازمت نہیں بلکہ ایک جذبہ اور مشن کا نام ہے۔ اللہ ہم سب کو عوام کے تحفظ کے اس مشن میں کامیاب و کامران رکھے۔

ڈی آئی جی آپریشنز پنجاب کامران عادل

میں سمجھتا ہوں کہ عوام اور پولیس کے درمیان اعتماد سازی ہی پنجاب پولیس کی کامیابی کی اہم وجہ ہے۔ پولیس اور عوام مل کر معاشرے سے جرائم کے خاتمے میں اپنا اپنا کردار ادا کرتے ہیں اسی لئے شہریوں کو پولیس کی آنکھ اور کان سمجھا جاتا ہے۔ آپ کی بروقت اطلاع جرائم پیشہ عناصر کے فوری خاتمے میں ہماری مددگار ثابت ہوتی ہے۔ آئی جی پنجاب کی ہدایات کے مطابق پنجاب پولیس کے تمام دفاتر میں اوپن ڈور پالیسی اپنائی گئی ہے جبکہ ہیلپ لائن 15 کی کال پر بھی فوری رسپانس کو یقینی بنایا گیا ہے۔ پولیس کے خلاف شکایت کے لئے آئی جی پی کمپلینٹ سنٹر 1787 پر اطلاع دی جا سکتی ہے۔ اسی طرح عوامی شکایات کے ازالے کے لئے تمام اضلاع میں کھلی کچہریوں کے ساتھ ساتھ سنٹرل پولیس آفس میں بھی روزانہ کی بنیاد پر کھلی کچہری کا انعقاد کیا جا رہا ہے جہاں شہریوں کی شکایات پر فوری کارروائی کی جاتی ہے۔ صوبے سے جرائم کا خاتمہ اور ہر شہری کو پرامن ماحول کی فراہمی ہم سب کا مشترکہ مشن ہے جس کے لئے پولیس، میڈیا اور عوام سب نے مل کر اپنا کردار ادا کرنا ہے۔

3 انسداد جرائم

4 ٹریننگ اینڈ کیپسٹی بلڈنگ ویلفیئر

5 عوامی رابطہ پارٹنرشپ

6 ترقیاتی منصوبے آئی ٹی بیسڈ پولیسنگ

7 تہوار اور پنجاب پولیس کھیل

8 میڈیا ہائی لائٹس

9 فیلڈ وزٹ

10 غازی و شہدا سکیورٹی چینج آف کمانڈ (جنوبی پنجاب)

11 سٹریٹ کرائم روڈ سیفٹی

پیٹرن انچیف: ڈی آئی جی (آپریشنز پنجاب) کامران عادل (پی پی آئی او)

چیف ایڈیٹر: اسامہ محمود

ایڈیٹر: سید بدر سعید

سب ایڈیٹر: قاسم علی

فوٹوگرافر: طاہر حسین

انسداد جرائم

پنجاب پولیس امن وامان کے قیام اور جرائم کی روک تھام کے لئے اپنے تمام تر وسائل بروئے کار لا اپنی ہے۔آئی جی پنجاب راؤ سردار علی خان کے ویژن کے مطابق پنجاب پولیس میں آئی ٹی بیسڈ پولیسنگ کو فروغ دیا جارہا ہے۔یہی وجہ ہے کہ انتہائی خطرناک جرائم میں ملوث ملزمان کو چند گھنٹوں میں گرفتار کرلیا جاتا ہے

- خوشاب میں دوران ڈکیتی 10 کروڑ تاوان کے لئے اغوا کئے گئے 14 ماہ کے بچے 48 گھنٹوں میں بازیاب کرا کر اغوا کار گینگ گرفتار کرلیا گیا۔
- قصور میں ایک شخص نے اپنی تین بیٹوں کو قتل کر دیا جس پر پولیس نے سنگدل باپ کو گرفتار کیا اور اس کی نشاندہی پر نہر سے بچیوں کی لاشیں برآمد کیں۔
- منڈی بہاؤالدین میں طالبعلم پر تشدد کے ملزمان گرفتار کرنے پر معروف گلوکار اور سماجی کارکن شہزادرائے نے پنجاب پولیس کی کارکردگی کو سراہا۔
- میاں چنوں، خانیوال میں رونما ہونے والے دلخراش واقعہ پر پولیس نے فوری ایکشن لیا اور جدید ٹیکنالوجی کی مدد سے ملزمان کو ٹریس کرتے ہوئے واقعہ میں ملوث تمام نامزد 33 ملزمان کو گرفتار کیا۔
- اسی سال میانوالی میں سفاک باپ کی جانب سے فائرنگ کر کے اپنی نومود بچی کو قتل کرنے کے واقعہ نے پوری قوم کو رنجیدہ کر دیا تھا۔پنجاب پولیس نے انتہائی کم وقت میں اس سنگدل قاتل کو ٹریس کر کے گرفتار کیا۔
- پولیس نے کراچی سے اغواء ہونے والا 7 سالہ یتیم بچہ محمد احمد محبوب چکوال سے بازیاب کروالیا۔سرچ آپریشن میں جہلم اور چکوال پولیس کی ٹیموں نے حصہ لیا۔
- منڈی بہاؤالدین پولیس نے ذہنی معذور لڑکی کو زیادتی کا نشانہ بنانے والے دونوں ملزمان کو گرفتار کرلیا ہے۔
- لاہور پولیس نے ڈپٹی کمشنر سلمان بٹ پر فائرنگ کرنے والے دونوں شوٹرز اور سہولت کار کو سیف سٹی اتھارٹی کے کیمروں کی مدد سے گرفتار کرلیا۔
- ننکانہ پولیس کی اہم کاروائی۔محکمہ صحت کے ملازم کے اغواء اور قتل کے ملزمان 24 گھنٹوں میں گرفتار سفاک ملزمان جمشید اور زاہد نے قتل کے بعد مقتول کی نعش نہر میں پھینک دی تھی۔
- سیالکوٹ میں بزرگ خاتون پر بہیمانہ تشدد کا معاملہ، 5 ملزمان گرفتار۔
- شرقپور میں سات سالہ معصوم بچی کو اغواء کے بعد کرنے والا سفاک قاتل غلام نبی عرف مٹھو گرفتار۔شیخوپورہ پولیس نے 24 گھنٹے کے اندر سفاک قاتل کو گرفتار کرلیا۔
- گوجرانوالہ میں سربازار شہری پر تشدد کی سوشل میڈیا پر وائرل ویڈیو کا معاملہ جائیداد تنازع پر سگے چچا پر تشدد کرنے والا بھتیجا ساتھیوں سمیت گرفتار کرلیا گیا۔
- سیالکوٹ میں کمسن طلحہ کے اندھے قتل کا معمہ حل، دوست ہی قاتل نکلا۔پولیس ٹیموں نے سائنسی بنیادوں پر تحقیقات کرتے ہوئے 24 گھنٹوں میں قاتل کو ٹریس کر کے گرفتار کیا۔
- گجرات میں جائیداد تنازعہ پر خاتون سمیت تین بچوں کے قتل کے افسوسناک واقعہ پر گجرات پولیس نے فوری کاروائی کرتے ہوئے ملزم صفدر حسین کو موقع پر گرفتار کرلیا۔
- پتوکی میرج ہال میں باراتیوں کے مبینہ تشدد سے محنت کش کی ہلاکت کا واقعہ پر پولیس کی ٹیموں نے رات گئے کنگن پور، پتوکی اور سرائے مغل میں کاروائی کر کے 12 افراد کو حراست میں لیا۔
- ساہیوال میں 14 سالہ لے پالک لڑکی کو مبینہ طور پر جلا کر ہلاک کرنے کا واقعہ، ڈی پی او ساہیوال کی ہدایت پر پولیس ٹیم نے بروقت کاروائی کرتے ہوئے ملزم دلبر شاہ کو ایک گھنٹے کے اندر گرفتار کرلیا۔
- پنجاب پولیس کی ننکانہ میں اہم کاروائی، سکھ کمیونٹی کے گھروں میں ڈکیتیاں کرنے والا بین الاضلاعی مشتاق عرف کالی ڈکیت گینگ کا سرغنہ ساتھیوں سمیت گرفتار، 30 لاکھ نقدی، 25 تولے سونا و دیگر مال مسروقہ برآمد۔
- وہاڑی میں غیرت کے نام پر 16 سالہ لڑکی کے قتل کا ڈراپ سین، چچا قاتل جبکہ والد ماسٹر مائنڈ نکلا۔تمام ملزمان گرفتار۔

آئی جی پنجاب کی ہدایت پر صوبہ بھر میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن تیزی سے جاری ہے اور رواں برس پنجاب پولیس نے بھرپور کاروائیاں کرتے ہوئے متعدد ملزمان کو گرفتار کیا



ٹریننگ اینڈ کیپسٹی بلڈنگ

آئی جی پنجاب کے ویژن کے مطابق پنجاب پولیس میں افسران واہلکاروں کی تربیت اور استعداد کار میں اضافہ پر خصوصی توجہ دی جارہی ہے اس سلسلہ میں پنجاب کے تمام ٹریننگ کالجز اور انسٹی ٹیوٹس میں شارٹ ٹرم اور لانگ ٹرم کورسسز کروائے جارہے ہیں۔

سال 2022 میں پنجاب پولیس کے تقریباً 40 ہزار اہلکار و افسران وٹریننگ وشارٹ کورسز کروائے جائیں گے۔

- پولیس ٹریننگ کالج چونگ میں سپروائزری افسران کا پہلا اینٹی رائٹ تربیتی کورس کامیابی سے مکمل ہوا جبکہ اسی کالج میں لیڈی ریکروٹمنٹ پاسنگ آؤٹ پریڈ کا بھی انعقاد ہوا جس کے ساتھ ہی صوبہ بھر میں بھرتی ہونے والی لیڈی پولیس افسران نے کامیابی سے تربیتی کورس مکمل کر کے فیلڈ میں عملی زندگی کا آغاز کیا۔
- ایلیٹ ٹریننگ سکول بیدیاں میں پاسنگ آؤٹ پریڈ ہوئی جس میں ایلیٹ فورس کے جوانوں نے دوران تربیت حاصل کی گئی انتہائی سخت تربیت کا عملی مظاہرہ کیا۔
- پنجاب پولیس میں انویسٹی گیشن کے معیار کو مزید بہتر بنانے کے لئے سکول آف انویسٹی گیشن میں بھی ریفریشر کورسز کا سلسلہ جاری ہے جہاں مرحلہ وار تمام اضلاع کے تفتیشی افسران کو تربیت فراہم کی جارہی ہے۔
- پولیس کے تربیتی کورسز کا سلسلہ صوبہ بھر میں جاری ہے اور رواں برس ملتان، سرگودھا، راولپنڈی سمیت دیگر اضلاع میں بھی پاسنگ آؤٹ پریڈز کا انعقاد ہوا اور ریفریشر کورسز کروائے گئے ہیں۔

ویلفیئر

محکمہ پولیس اپنے ملازمین کی ویلفیئر پر بہت توجہ دیتا ہے کیونکہ کسی بھی شخص کے مسائل حل ہونے سے اس کی کارکردگی میں نمایاں اضافہ ہوتا ہے۔ اسی طرح اپنی جان کی بازی لگا کر دوسروں کو پرامن ماحول فراہم کرنے والے ان ہیروز کے اہل خانہ کو محکمہ پولیس کسی بھی موقع پر تنہا نہیں ہونے دیتا۔

- پنجاب پولیس اور اخوت فاؤنڈیشن کے درمیان معاہدے طے پا گیا جس کے تحت 50 ہزار سے کم تنخواہ والے پولیس ملازمین کو آسان اقساط پر گھر بنانے کے لئے قرضہ فراہم کیا جائے گا۔
- آئی جی پنجاب راؤ سردار علی خان نے پولیس ملازمین اور ان کے اہل خانہ کے علاج معالجہ کے لئے 11 کینال پر تعمیر کیے جانے والے پولیس ویلفیئر ہسپتال گجرات کا سنگ بنیاد رکھا۔
- گجرات میں لیڈیز پولیس کی رہائش کے لئے پولیس لیڈیز ہاسٹل بنایا گیا ہے۔
- محکمانہ ترقیوں کا عمل تیز کیا گیا ہے اور اس سلسلے میں حائل رکاوٹوں کو ترجیحی بنیادوں پر دور کرتے ہوئے پروموشن بورڈز کے اجلاس منعقد کئے جارہے ہیں تاکہ کسی کی حق تلفی نہ ہو۔ اس سلسلے میں ڈی ایس پیز کو میرٹ پر ایس پیز کے عہدوں پر ترقی دی گئی۔ 14 سینئر سکیل سٹینوگرافرز کو پرائیویٹ سیکرٹری کے عہدوں پر ترقی دے دی گئی ہے۔

- آئی جی پنجاب کی کاوشوں سے ویلفیئر رولز 2022 کی بھی منظوری دے دی گئی ہے جس کے مطابق حاضر سروس/ ریٹائرڈ اور شہید پولیس ملازمین کی بیٹیوں کی شادی کے جہیز پیکج میں اضافہ کیا گیا ہے۔
- تعلیمی سکالرشپ میں بھی اضافہ کر دیا گیا ہے۔
- پولیس ملازمین/ افسران کے بچوں کو قرآن پاک حفظ کرنے پر ایک لاکھ روپے انعام دیا جائے گا۔
- پولیس ملازمین/ افسران کو کسی موضوع پر کتاب لکھنے پر ایک لاکھ سے پانچ لاکھ تک انعام دیا جائے گا۔
- انٹری ٹیسٹ امتحانات مثلاً جی آر ای، ٹوفل، گیٹ اور دیگر 9 کیٹگری میں 80 فیصد سے زائد نمبر حاصل کرنے پر ٹیسٹ فیس ادا کی جائے گی۔
- پولیس ملازمین/ افسران کے بچوں کو سول سروس (سی ایس ایس، پی ایم ایس اور جوڈیشری) اور آرمڈ فورسز (آرمی، نیوی، ایئر فورس) بطور کمیشنڈ افسر جوائن کرنے پر ایک لاکھ روپے انعام دیا جائے گا۔
- میڈیکل فنانشل امداد میں نمایاں اضافہ۔
- گزارا الاؤنس کی کیٹیگری میں ملنے والی امداد میں بھی اضافہ کر دیا گیا ہے۔

عوامی رابطہ

- شہریوں کے مسائل کوفوری حل کرنے اور پولیس اورعوام میں فاصلے کم کرنے کے لئے آئی جی پنجاب کی خصوصی ہدایت پرعوامی رابطے کی مہم پرخصوصی توجہ دی گئی ہے۔
- آئی جی پنجاب کے حکم پر پنجاب کے تمام اضلاع میں کھلی کچہری کا باقاعدگی سے انعقاد یقینی بنایا جارہا ہے۔ان کھلی کچہریوں میں آر پی اوز، ڈی پی اوز اور سینئر افسران روزانہ کی بنیاد پر شہریوں کے مسائل سنتے ہیں اور انکے حل کے لئے فوری اقدامات اٹھائے جاتے ہیں۔اس سلسلہ میں سنٹرل پولیس آفس میں بھی روزانہ کھلی کچہری کا انعقاد کیا جاتا ہے جس میں سائلین براہ راست آئی جی پنجاب کو اپنے مسائل/شکایات پیش کرتے ہیں۔
- پنجاب پولیس میں محکمانہ احتساب کے عمل کو مزید سخت کیا گیا ہے۔آئی جی پنجاب کمپلینٹ سنٹر 1787 پر شہری 24 گھنٹے اپنی شکایات درج کرواسکتے ہیں۔اگر کسی شہری کو پولیس افسر واہلکار کے خلاف کسی قسم کی کوئی شکایت ہو۔ایف آئی آر کا اندراج نہ کیا جارہا ہو،کسی کو غیر قانونی طور پر حوالات میں رکھا گیا ہو،پولیس افسران واہلکار رشوت کا تقاضہ کریں یا دیگر مسائل میں تعاون نہ کررہے ہوں تو آپ براہ راست 1787 پر میسج یا کال کرکے شکایت درج کرواسکتے ہیں جس میں 24 گھنٹے کے اندر رابطہ کیا جائے گا۔1787 آئی جی پنجاب کمپلینٹ سنٹر کو انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب راؤ سردار علی خان براہ راست مانیٹر کررہے ہیں۔
- آئی جی پنجاب نے 1787 سنٹر کا دورہ کیا اور راجن پور،ساہیوال اور اٹک کے شہریوں کی کالز سنیں اور انکے مسائل کے حل کے لئے احکامات جاری کیے۔مزید براں 1787 پر آنے والی شکایات پر فیلڈ افسران کے رسپانس کو بھی مانیٹر کیا جاتا ہے۔ان شکایات پر بروقت رسپانس نہ دینے والے 150 افسران بشمول 26 ایس پیز کو وضاحتی لیٹرز بھی جاری کیے جاچکے ہیں۔

پارٹنرشپ

آئی جی پنجاب سے ڈائریکٹر جنرل سکیورٹی پاکستان ایئر فورس ایئر وائس مارشل خالد محمود کی ملاقات

آئی جی پنجاب سے چیئرمین رویت ہلال کمیٹی پاکستان مولانا محمد عبدالخبیر آزاد کی قیادت میں علمائے کرام کی ملاقات

آئی جی پنجاب سے ایئر وائس مارشل ظفر اسلم ایئر آفیسر کمانڈنگ سنٹرل ایئر کمانڈ لاہور کی ملاقات

آئی جی پنجاب سے وزیر ثقافت پنجاب خیال احمد کاستروکی ملاقات

ترقیاتی منصوبے

تھانہ پولیس ورکنگ کی بنیادی اکائی ہے جسے مضبوط سے مضبوط بنانے کیلئے ترجیحی بنیادوں پر اقدامات جاری ہیں،صوبے کے مختلف اضلاع میں تھانوں کی اپ گریڈیشن کرتے ہوئے انہیں سپیشل انیشیٹو پولیس اسٹیشنز میں تبدیل کیا جارہا ہے جہاں بین الاقوامی اسٹینڈرڈ کے مطابق شہریوں کو خدمات کی فراہمی یقینی بنائی جارہی ہے۔

- پنجاب کے چار اضلاع فیصل آباد،راولپنڈی،چنیوٹ اور وہاڑی میں 5 نئے تھانوں کے قیام کا عمل شروع کیا ہے۔راولپنڈی میں نئے تھانے کا نام چکری،فیصل آباد میں روشن والا،وہاڑی میں گڑھا موڑ اور اڈا جھل سیال کے نام سے دو نئے تھانے جبکہ چنیوٹ میں کوٹ وسانہ کے نام سے پولیس اسٹیشن تعمیر کیا جارہا ہے۔نئے تھانوں کے قیام سے پولیس پر کام کا اضافی دباؤ قدرے کم ہوگا۔

- ضلع چکوال میں پولیس اسٹیشن نیلہ کی نئی عمارت کا افتتاح نومبر میں کیا گیا اسی طرح شیخوپورہ میں تھانہ فیکٹری ایریا کی نئی بلڈنگ کا افتتاح کیا جاچکا ہے۔گجرات میں نئے تعمیر کردہ تھانہ منگووال کی عمارت کا افتتاح بھی آئی جی پنجاب راؤ سردار علی خان کر چکے ہیں۔
- گوجرانوالہ اشرف مارتھ شہید پولیس لائن میں یادگار شہداء کی نئی بلڈنگ کا سنگ بنیاد رکھا جاچکا ہے جبکہ پولیس خدمت مرکز گوجرانوالہ اور پولیس ویلفیئر ہسپتال گوجرانوالہ کی توسیع کا کام بھی شروع کر دیا گیا ہے۔
- ملتان میں 112 ملین روپے کے منصوبے سے سیٹل ماری پولیس اسٹیشن کی نئی تعمیر شدہ عمارت کا افتتاح آئی جی پنجاب راؤ سردار علی خان کے دور میں ہوا ہے۔اس کے علاوہ پولیس لائن ملتان میں سی پی او کمپلیکس کی عمارت کا سنگ بنیاد رکھا گیا ہے اس منصوبے پر 409 ملین روپے لاگت آئیگی۔آئی جی پنجاب نے ہدایات دی ہیں کہ تھانوں کی اپ گریڈیشن کے حوالے سے جاری تمام ترقیاتی پراجیکٹس کو مقررہ ٹائم لائن کے اندر مکمل کیا جائے۔
- راولپنڈی میں یادگار شہداء کی نوتعمیر شدہ عمارت کا بھی افتتاح کر دیا گیا ہے۔

آئی ٹی بیسڈ پولیسنگ

خدمت مراکز

پنجاب میں پولیس سروسز کی فوری فراہمی کے لئے صوبہ بھر میں پولیس خدمت مراکز کام کر رہے ہیں جہاں شہری ون ونڈو سسٹم کے تحت پولیس سے متعلقہ 14 اقسام کی سروسز حاصل کر رہے ہیں۔ان سروسز کے لئے اب شہریوں کو پولیس اسٹیشن نہیں جانا پڑتا۔یہاں مہیا کی جانے والی تمام سروسز کی فراہمی کا وقت مقرر کیا گیا ہے اور شہریوں کا مسئلہ مقررہ وقت میں حل ہو جاتا ہے۔ان سروسز میں کرایہ دار رجسٹریشن،دستاویزات کی گمشدگی رپورٹ، خواتین پر تشدد کی رپورٹ،پولیس کریکٹر سرٹیفکیٹ،لرنر ڈرائیونگ لائسنس،بین الاقوامی ڈرائیونگ لائسنس،ملازم کی رجسٹریشن،گاڑی رجسٹریشن کی تصدیق،جرائم رپورٹ،ایف آئی آر کی کاپی،جنرل پولیس ویریفکیشن،ڈرائیونگ لائسنس کی تجدید،بچوں کی گمشدگی رپورٹ،میڈیکولیگل سرٹیفکیٹ شامل ہیں

سیف سٹی

پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی قومی سلامتی کا اہم منصوبہ ہے جو عوام کے جان و مال کی حفاظت کیلئے 24/7 مصروف عمل ہے۔اس پراجیکٹ کا آغاز لاہور میں 8 ہزار کیمرے لگا کر کیا گیا جسے مرحلہ وار دیگر ڈویژنل ہیڈکوارٹرز تک پھیلایا جارہا ہے۔اب تک کیمروں کی مدد سے ساڑھے 3 لاکھ سے زائد کیسز کو وقوع پذیر ہونے سے پہلے ہی پولیس کو رپورٹ کئے گئے۔اسی طرح Religious Tourism کے فروغ کیلئے ننکانہ صاحب میں بھی سیف سٹی سینٹر بنا رہے ہیں۔سیف سٹی میں لاہور سمیت پنجاب بھر سے روزانہ 70 ہزار کالز موصول کی جاتی ہیں اور وقوعہ کے مطابق بروقت فیلڈ فورس کو رسپانس کیلئے ایکٹو کیا جاتا ہے جس سے پولیس ریسپانس ٹائم میں بہتری آئی ہے اور پنجاب بھر میں 10 سے 15 منٹ میں پولیس شہریوں کو مدد فراہم کر رہی ہے۔سیف سٹی کی مدد سے الیکٹرانک چالان (ای چالان) کا نظام متعارف کروایا گیا جس کی بدولت جان لیوا ٹریفک حادثات میں 25 فیصد،سگنل کی خلاف ورزی میں 50 فیصد کمی اور 35 فیصد ٹائم سیونگ بھی ہوئی ہے۔اس کے علاوہ ای چالان کی آن لائن ادائیگی کا نظام بھی متعارف کروایا گیا ہے جس کی بدولت شہری گھر بیٹھے اپنے چالان ادا کر سکتے ہیں اور اپنی گاڑی کا چیسز نمبر 8815 پر میسج بھیج کر ای چالان معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔اس کے علاوہ کرمنل ریکارڈ چیک کرنے کیلئے پہچان ایپ اور خواتین کے تحفظ کیلئے ویمن سیفٹی ایپ متعارف کروائی گئی ہے۔ ملاوٹ مافیا کی روک تھام کیلئے فوڈ اتھارٹی اور بارش پانی کے نکاس کیلئے واسا کو کیمروں کی مدد سے راہنمائی فراہم کی جاتی ہے

ویمن سیفٹی ایپ



سیف سٹی اتھارٹیز کے تعاون سے تیار کردہ ویمن سیفٹی ایپ کو اب تک ڈیڑھ لاکھ سے زائد خواتین ڈاؤن لوڈ کر چکی ہیں۔اس ایپ کی مدد سے خواتین گھر،دفاتر اور بازار سمیت کسی بھی جگہ خطرہ محسوس ہونے یا کسی بھی قسم کی ہراسانی پر صرف ایک کلک کی مدد سے پولیس کی مدد حاصل کر سکتی ہیں اور پولیس فوری متعلقہ لوکیشن پر پہنچ کر انہیں تحفظ فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ ملزمان کے خلاف فوری کاروائی کرتی ہے۔خواتین کے لئے محفوظ اور پرامن ماحول کو یقینی بنانے کے لئے پنجاب پولیس ایسے کیسز میں فوری ایکشن لیتی ہے

تہوار اور پنجاب پولیس

- خواتین کے عالمی دن کے موقع پر آئی جی پنجاب نے کہا کہ خواتین کی امپاورمنٹ اور انہیں معاشرے میں مساوی حقوق کی فراہمی پنجاب پولیس کی اولین ترجیح ہے۔اس سلسلے میں پنجاب کے تمام اضلاع میں اینٹی ویمن ہراسمنٹ اینڈ وائیلنس سیلز کا قیام عمل میں لایا گیا جس کی مدد سے گزشتہ 6 ماہ میں 8228 ملزمان کو گرفتار کیا گیا ہے۔پنجاب پولیس خواتین کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لئے اپنا بھرپور کردار ادا کر رہی ہے۔
- پنجابی کلچر ڈے پر پنجاب پولیس ثقافتی رنگ میں ڈھل گئی،سنٹرل پولیس آفس میں پنجابی کلچر ڈے کی خصوصی تقریب کا انعقاد۔پنجاب پولیس انٹرن شپ پروگرام کے طلبا وطالبات نے ثقافتی ملبوسات میں شرکت کی۔شرکاء کی تواضع پنجاب کے روایتی کھابوں لسی،پیڑوں،جلیبی و دیگر مٹھائیوں سے کی گئی۔ پنجاب کے تمام اضلاع میں افسران نے پنجابی کلچر ڈے بھرپور جوش وجذبے سے منایا۔

- خواتین کے عالمی دن کے موقع پر ٹریفک پولیس لاہور کی لیڈی افسران بائیک ریلی میں شریک ہوئیں۔
- پنجاب پولیس مذہبی تہواروں کے موقع پر اپنے ملازمین کی خوشیوں میں شریک ہوتی ہے۔اسی سلسلے میں عید،کرسمس اور ہولی سمیت بابا گورونانک کے جنم دن کے موقع پر بھی نہ صرف متعلقہ افسران واہلکاروں کو چھٹیاں دی جاتی ہیں بلکہ انعامات اور تحائف بھی دیے جاتے ہیں۔آئی جی پنجاب راؤسردار علی خان نے ہندوؤں کے تہوار ہولی پر پنجاب پولیس کے ہندو ملازمین سے ملاقات کی اور انہیں انعامات سے نوازا جبکہ اس سے پہلے سکھ ملازمین کو بھی انعامات دیے گئے اور مسیحی ملازمین کے ساتھ کرسمس کا کیک کاٹا گیا تھا۔پنجاب پولیس میں پاکستان کے تمام مذاہب سے تعلق رکھنے والے لوگ مل کر عوام کے تحفظ کو یقینی بنا رہے ہیں۔

کھیل

پنجاب پولیس اپنی فورس کی صحت مندانہ سرگرمیوں کی بھرپور حوصلہ افزائی کرتی ہے اور پولیس کے جوان ملکی سطح پر کھیلوں کے مقابلوں میں نمایاں پوزیشن حاصل کرتے ہیں۔اس سلسلہ میں مختلف اضلاع میں پولیس کی ٹیموں کے مابین دوستانہ میچز کا سلسلہ جاری ہے جبکہ نیشنل اور انٹرنیشنل سطح پر کامیابیاں حاصل کرنے والے پولیس ایتھلیٹس کو بھی اعلی سطح پر سراہنے کا عمل جاری ہے۔اسی سلسلہ میں آئی جی پنجاب نے کبڈی کی ٹیم کو نمایاں کامیابی پر انعامات سے نوازا اور شاباش دی۔


BREAKING NEWS
پنجاب پولیس کا پب جی گیم پر
پابندی لگانے کیلئے حکومت
کو سفارش کا فیصلہ
BREAKING NEWS
اسٹیٹ بینک ترمیمی بل ایک ووٹ کی اکثریت سے منظور ہو گیا
92

HEADLINES
پنجاب پولیس کا ایکشن، 553 افراد گرفتار، 416 مقدمات درج
کراچی: ملزم بدر نے چھری سے ماں کو قتل اور بھائی کو زخمی کیا، پولیس حکام
ARY
11:02 AM

HEADLINES
آئی جی کا سپیشل برانچ ہیڈ کوارٹرز رابرٹس کلب کا دورہ
42

آئی جی پنجاب کی زیر صدارت سیف سٹیز جنسٹ کمیٹی کا اجلاس
آپ پراپرٹی تنازع کے نوٹیفکیشن کو چیلنج کر سکتے ہیں، عدالت کی درخواست گزار کو ہدایت
2:30 PM

پنجاب پولیس ملتان: نوجوان کے گلے
میں رسہ ڈال کر ہلاک کرنے والے 3
ملزمان گرفتار، مقدمہ درج

1 Million
Thank You
Twitter Followers

اشیائے خوردونوش مقررہ ریٹ سے زائد پر
بیچنا جرم ہے
Price Control Act 1977, Section 7
ایسے ملزم کو 1 لاکھ روپے جرمانہ اور 3 سال تک
قید کی سزا سنائی جاسکتی ہے

1787

Punjab Police is engaged in relief operations to help out tourists in Murree / All major highways of Murree cleared for traffic.
Police field 2,700 for kite flying in 2022 so far
On the direction of IG Punjab Rao Sardar Ali Khan, crackdown against pro-claimed offenders and court absconders is underway across the province.
Police round up 10 more suspects in Khanewal lynching case
Crime rate reduced by 44pc
IGP orders RPO Multan, DPO Khanewal to supervise probe of Mian Channu incident

فیلڈ وزٹ

آئی جی پنجاب راؤ سردار علی خان نے تمام ریجنز کے دورے کیے جہاں انہوں نے پولیس شہدا کی فیملیز سے ملاقاتیں کیں اور یادگار شہدا پر پھول چڑھائے۔ انہوں نے پولیس دربار میں اہلکاروں کے مسائل دریافت کیے اور ان کے حل کے لیے احکامات جاری کیے جبکہ بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے فرض شناس اہلکاروں میں انعامات بھی تقسیم کیے اور اہم ترقیاتی پراجیکٹس کا سنگ بنیاد رکھا۔ انہوں نے جرائم کے خاتمے کے لیے تمام ریجنز اور اضلاع میں کرائم میٹنگز کیں جن میں سپروائزری افسران کو انسداد جرائم سے متعلق اہم ہدایات دیں۔

غازی و شہدا

آئی جی پنجاب راؤ سردار علی خان نے پنجاب کی تمام ریجنز میں یادگار شہدا پر پھول چڑھائے اور شہدائے پولیس کی بلندی درجات کے لیے فاتحہ خوانی کی۔انہوں نے عوام کے تحفظ کے لیے اپنی جانوں کے نذرانے پیش کرنے والے بہادر پولیس افسران واہلکاروں کو خراج تحسین پیش کیا اوران کی فیملیز سے ملاقات کر کے انکے مسائل دریافت کیے۔آئی جی پنجاب نے جرائم پیشہ عناصر سے مقابلوں میں زخمی ہونے والے غازیوں سے بھی ملاقات کی اوران کی بہادری کو سراہا۔

سکیورٹی



- پنجاب پولیس کا سپیشل پروٹیکشن یونٹ (SPU) صوبہ کے حساس مقامات، اہم حکومتی اداروں، غیر ملکی قونصلیٹ سمیت پنجاب میں مقیم غیر ملکی شہریوں کی سکیورٹی ڈیوٹی پر مامور ہے لاہور میں منعقد ہونے والے PSL7 کے میچز کے موقع پر لاہور پولیس نے فول پروف سکیورٹی انتظامات کئے۔
- لاہور اور راولپنڈی میں منعقدہ پاک آسٹریلیا کرکٹ میچز کے دوران سکیورٹی کے بہترین انتظامات کئے گئے۔
- آئی جی پنجاب راؤ سردار علی خان نے PSL7 اور پاک آسٹریلیا کرکٹ سیریز کے دوران اسٹیڈیم کا دورہ کیا اور سکیورٹی کے انتظامات کا جائزہ لیا۔
- پنجاب پولیس نے کرکٹ میچز اور ہارس اینڈ کیٹل شو کی فول پروف سکیورٹی کو یقینی بنایا جس کو ہر سطح پر سراہا گیا۔
- لاہور میں ڈولفن، پیرو، ایلیٹ، سپیشل برانچ، ٹریفک پولیس اور ضلعی پولیس کے 8 ہزار افسران واہلکاروں نے سکیورٹی کے فرائض سرانجام دیے۔
- ٹریفک پولیس نے پنجاب میں ہونے والے تمام اہم ایونٹس پر شہریوں کو ٹریفک کے مسائل سے بچانے کے لئے بہترین روڈ سٹریٹیجی ترتیب دی اور اضافی نفری تعینات کر کے شہریوں کو پریشانی سے بچایا۔
- ہارس اینڈ کیٹل شو، پی ایس ایل اور پاک آسٹریلیا کرکٹ میچز کی بھرپور سکیورٹی اور ٹریفک مینجمنٹ پر آئی جی پنجاب کی جانب سے بہترین فرائض سرانجام دینے والے پولیس افسران واہلکاروں کو انعامات سے نوازا گیا۔

چینج آف کمانڈ (جنوبی پنجاب)

ایڈیشنل آئی جی جنوبی پنجاب کیپٹن (ر) ظفر اقبال اعوان اپنی مدت ملازمت پوری ہونے پر پولیس سروس سے ریٹائرڈ ہو گئے۔آئی جی پنجاب راؤ سردار علی خان کی جانب سے ان کے اعزاز میں سنٹرل پولیس آفس میں الوداعی تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں پنجاب پولیس کے سینئر افسران نے شرکت کی اور انہیں پولیس سروس میں شاندار خدمات سرانجام دینے پر خراج تحسین پیش کیا۔مزید براں پاکستان پولیس سروسز کے سینئر آفیسر ڈاکٹر احسان صادق نے ایڈیشنل آئی جی جنوبی پنجاب کے عہدے کا چارج سنبھال لیا ہے۔

سٹریٹ کرائم

ڈولفن سکواڈ

سٹریٹ کرائم کی روک تھام کے لئے پنجاب پولیس کا ڈولفن سکواڈ 2016 میں قائم کیا گیا تھا۔ جس کی تربیت ترکی نیشنل پولیس کے ماہر ٹرینرز نے کی۔ ہیوی بائیکس پر گشت کرنے والی ڈولفن فورس 15 کی دو لاکھ سے زائد کالز پر فوری رسپانس دے چکی ہے۔ اس فورس نے سنیپ چیکنگ کے دوران سیکڑوں چوری شدہ گاڑیاں اور منشیات برآمد کیں اور متعدد اشتہاری مجرموں کو بھی گرفتار کیا۔ 2106 سے اب تک ڈولفن پولیس کے انتہائی خطرناک ملزمان سے 50 سے زائد مقابلے ہو چکے ہیں۔ ایس پی ڈولفن اس یونٹ کے سربراہ ہیں۔

پی آر یو سکواڈ لاہور

لاہور میں سٹریٹ کرائم کے خاتمے اور کمیونٹی پولیسنگ کے لئے پی آر یو بھی کام کر رہی ہے اسے 2016 میں قائم کیا گیا تھا۔ اب تک PRU نے 15 کی 79 ہزار سے زائد ایمرجنسی کالز پر فوری ایکشن لیا۔ اس فورس نے سیکڑوں چوری شدہ گاڑیاں برآمد کر کے حقیقی مالکان کے حوالے کی ہیں جبکہ دوران گشت بھاری مقدار میں منشیات بھی قبضے میں لی۔ PRU کمیونٹی پولیسنگ کے تحت شہریوں کو نمایاں خدمات انجام دے رہا ہے۔

روڈ سیفٹی

ٹریفک پولیس پنجاب

ٹریفک پولیس پنجاب صوبہ بھر میں روڈ سیفٹی کو یقینی بنانے کے لیے اپنے فرائض سرانجام دے رہی ہے اور عوام کو ٹریفک جام کے مسائل سے بچانے کے ساتھ ساتھ حادثات کی روک تھام کے لئے بھی متحرک ہے۔ ٹریفک پولیس عوام کو شاہراہوں پر درپیش مسائل خصوصاً کسی حادثے کی صورت میں مدد کی فراہمی، ناگہانی صورت، حادثہ، جلسے جلوس یا کسی بھی وجہ سے شاہراہ قابل استعمال نہ ہونے کی صورت میں ٹریفک ڈائیورشن لگا کر شہریوں کی متبادل ٹریفک پلان کے بارے میں بھی راہنمائی کرتی ہے۔

پنجاب ہائی وے پٹرول

پنجاب ہائی وے پٹرول کا قیام پنجاب پولیس میں ایک خصوصی یونٹ کے طور پر پنجاب بھر میں صوبائی ہائی ویز کو محفوظ بنانے کے لیے 2003 میں عمل میں لایا گیا۔ اس کا بنیادی مقصد شاہراہوں پر جرائم کی روک تھام، ہنگامی صورت حال میں مسافروں کی فوری مدد، شہریوں میں دوران سفر تحفظ کا احساس اور حادثات کی صورت میں متاثرین کو ابتدائی طبی امداد فراہم کرنا ہے۔ پنجاب پولیس کا یہ یونٹ شہریوں کو محفوظ صوبائی شاہراہیں فراہم کر کے اپنا فرض ادا کر رہا ہے۔ اس وقت صوبے کے 36 اضلاع میں پنجاب ہائی وے پٹرول کی 360 پوسٹیں کام کر رہی ہیں۔

منشیات فروشی سنگین جرم ہے

اپنے اردگرد منشیات کی
خرید و فروخت یا استعمال کی
اطلاع فوراً 15 یا 1415 پر دیں

ون ویلنگ کھیل نہیں، موت ہے

شہری
ہیلپ لائن 15
پر ون ویلنگ
کی رپورٹ کریں

پتنگ بازی ایک خونی کھیل اور قابل سزا جرم ہے

پتنگ بازی اور پتنگ سازی سے متعلق کسی بھی قسم کی اطلاع
پولیس ہیلپ لائن 15 پر اطلاع دیں